مصنفہ: علامہ شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ

علم کلام ان عقلی علوم میں سے ہے جو صرف مسلمانوں ہی میں پیدا ہوا اس سے پہلے کی اقوام میں اس علم کا کوئی سراغ نہیں ملتا۔ اقوام کی تاریخ میں جہاں فاتحانہ اولالعزمیوں کی داستانیں دلچسپ ہوتی ہیں وہاں عقل و دانش فکر و استدلال میں کسی قوم نے کیا کیا! تو وہ دیکھیے اور ذہنی فکری جولانیوں میں اس کے کیا کارنامے ہیں، یہ بڑی غیر معمولی چیز معلوم ہوتی ہے اور تاریخ فکر انسانی کا اہم ترین حصہ ان ہی جولانیوں کی کہانی ہے۔ علامہ شبلی رحمۃ اللہ نے جو بہت بڑے محقق ادیب اور ماہر علم کلام تھے اس پر دنیا کی ایک بہترین کتاب لکھی ہے۔ اس کتاب کے دو حصے ہیں، یہ کتاب کراچی یونیورسٹی کے اعلیٰ انصاب میں بھی داخل ہے۔

دونوں حصے یکجائی صفحات، ۳۶۸

قیمت گیارہ روپے

تاریخ فلاسفۃ الاسلام

مصنفہ محمد لطفی جمعہ ترجمہ: ڈاکٹر میر ولی الدین ایم اے پی ایچ ڈی

اسلامی تاریخ جن حیثیتوں سے مثالی و منفرد ہے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ اپنے عروج کے زمانے میں مسلمان جہاں جہاں گئے انہوں نے نہ صرف وہاں کی تہذیب و تمدن کو متاثر کیا بلکہ وہ نقوش چھوڑے کہ آج تک ان کا رنگ و روغن ماند نہیں پڑا۔ علم و فکر کی ایسی ایسی نشانیاں چھوڑیں کہ دوسری قوموں نے ان سے رہنمائی اور آگاہی حاصل کی، انہوں نے زندگی کے ہر شعبے میں عقل و دانش کے ایسے چراغ روشن کئے کہ ان کی روشنی چار دانگ عالم میں پھیل گئی فلسفہ بھی ایک ایسا ہی موضوع ہے جس میں اسلام کے نامور سپوتوں نے ہمیشہ رہنے والے نقوش چھوڑے ہیں۔ صفحات ۳۲۰

قیمت آٹھ روپے

Marfat.com

فتوح البلدان

ہر دو جلد مکمل

تصنیف: احمد بن یحییٰ بن جابر البلاذری المتوفی ۲۷۹ھ

ترجمہ: سید ابوالخیر مودودی

تاریخ اسلامی کے قدیم ترین ماخذوں میں البلاذری کی کتاب فتوح البلدان کو ہمیشہ سے ایک امتیازی مقام حاصل رہا ہے بلاذری اور یعقوبی کے حوالوں سے خالی شاید کوئی تاریخ اسلام لکھی نہیں جا سکی اس کتاب کی یہ خصوصیت یہ ہے کہ اس زمانے کے طریقہ روایت کے بموجب وہ ہر ہر واقعہ کے لئے اخباریوں کے قدیم مروجہ انداز میں پوری سند پیش کرتا ہے وہ اسلامی ممالک کے ایک ایک صوبہ کا ذکر کرتا ہے وہاں کی فتوحات کو بڑی تفصیل کے ساتھ پیش کرتا ہے وہ جزوی سے جزوی واقعہ کو بھی نظر انداز نہیں کرتا وہ مجاہدین کے کارنامے بیان کرتا ہے منتظمین کی دانش مندیوں کا ذکر کرتا ہے۔ مقامی حالات اور خاص رسم و رواج کا حال لکھتا ہے اور پوری تفصیل کے ساتھ لکھتا جاتا ہے شہیدوں کا حال سناتا ہے ان کے لئے جو مرثیے لکھے گئے ان میں سے چیدہ چیدہ اشعار پیش کرتا ہے جا بجا جغرافیائی حالات بھی بیان کرتا ہے۔

غرض یہ کہ مسلمانوں کی ابتدائی تاریخ کا یہ اہم ماخذ ہے اور اہل علم نے اس کی ہمیشہ قدر کی ہے یورپ و ایشیا میں اس کے بہت سے ایڈیشن چھپے ہیں اور دنیا کی متعدد زبانوں میں اس کے ترجمے ہو چکے ہیں جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن کے زیر اہتمام اس کا اردو ترجمہ مولوی ابوالخیر مودودی نے کیا تھا اور جامعہ عثمانیہ نے اسے بڑی مدت ہوئی کہ دو جلدوں میں شائع کیا تھا جو اب نایاب تھی اب ہم نے اسکا نیا ایڈیشن شائع کیا ہے

بڑی سائز صفحات ۶۶۸ مجلد خوشنما گرد پوش

قیمت اٹھارہ روپے

فقہ الاسلام

مصنفہ حسن احمد الخطیب

مترجم سید رشید احمد ارشد ایم اے

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں اسلامی تشریع یعنی کے اصولوں اور اس کے فقہی قوانین کو جدید انداز میں پیش کیا گیا ہے اور اس میں موجودہ زمانے کے تقاضوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے اس کتاب میں نہ صرف اسلام کے تمام ضروری اصول و قوانین کو بیان کیا گیا ہے بلکہ عہد رسالت سے لے کر موجودہ زمانے تک اسلامی قوانین کی تدریجی نشوونما اور اس کی وسعتوں کو واضح طریقے سے بیان کیا گیا ہے سب سے پہلے قرآن کریم کے مجمل اور مفصل قوانین کی اہمیت بتائی گئی ہے اس کے بعد تمام ضروری قرآنی احکام و قوانین میں اضافہ ہوا؟ ان سب کی تفصیل احادیث کے حوالے سے بیان کی گئی ہے اس کے بعد علماء مجتہدین کے اصولوں کی افادی حیثیت بیان کرتے ہوئے ان کی بے پناہ قانونی صلاحیتوں کا تذکرہ کیا گیا ہے اسلامی قوانین کا جدید مغربی قوانین سے تقابل کرتے ہوئے اسلامی قانون کی برتری ثابت کی گئی اور بتایا گیا ہے کہ اسلامی قوانین میں اس قدر لچک اور وسعت موجود ہے کہ وہ ہر زمانے کے مختلف حالات اور ماحول کا مقابلہ کرتے ہوئے ان کے جدید تقاضوں کو پورا کر سکتے ہیں یہ کتاب اس مقصد کے لئے لکھی گئی ہے کہ ہماری موجودہ اسلامی حکومتیں اپنے جدید قوانین وضع کرنے میں اسلامی قوانین کے بیش بہا خزانہ سے فائدہ اٹھا سکیں پاکستان میں جہاں اسلامی قوانین کے مطابق حکومت قائم کی جا رہی ہے یہ کتاب وقت کی اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے اس کا ترجمہ سلیس بامحاورہ اور معنی خیز ہے۔ اردو زبان میں اس سے بہتر کوئی کتاب موجود نہیں۔

بڑی سائز ۵۷۶ مجلد

قیمت پندرہ روپے

Marfat.com

نظام الملک طوسی

مصنفہ : مولانا عبدالرزاق کانپوری

خواجہ حسن نظام الملک طوسی عالم اسلام کا پہلا وزیر اعظم جس نے اسلامی آئین کی تدوین کی اس اہم تذکرہ میں عمر خیام نیشاپوری اور حسن بن صباح بانی فرقہ فاطمیہ کے مفصل اور مستند حالات درج ہیں۔

عباسیوں کے وزراء آل برمک کے بعد سب سے زیادہ جس وزیر نے حسن تدبیر، فکر رسا اور ذہن بے مثال میں عالمگیر شہرت حاصل کی وہ نظام الملک طوسی تھا یہ ادیب، ادیب پرور عالم، عالموں کا قدرداں، عقل پختہ پرور کا مالک اور فکر رسا کا حامل تھا اس کا زمانہ باطنی فرقوں خصوصاً نزاریوں کے مشہور داعی شیخ الجبال حسن بن صباح مساعی سے بڑا نازک زمانہ تھا حسن بن صباح کی ساحرانہ قوت اور قلعہ الموت کی جنت ارضی ضرب المثل ہو گئی ہے نظام الملک کا اسی ساحر الموت نے خاتمہ بھی کر دیا صرف نظام الملک۔ پر کیا منحصر ہے اس عہد کا ہر صاحب علم، صاحب تدبیر اور صاحب ایمان حسن بن صباح کے فدائیوں سے کانپ رہا تھا اور کئی درجن ایسے ارباب علم و فضل جن کی مقدس زندگیوں کا ہر ہر لمحہ اور دن کی پوری پوری حیات سے زیادہ قیمتی تھا ان باطنیوں کے ہاتھوں شہید ہوا حضرت نجم الدین کبریٰ جیسے سینکڑوں ہی بزرگوں کے چراغ حیات کو ان ظالموں نے گل کر دیا یہی زمانہ ریاضی اور دیگر عقلی علوم کی پختگی کا تھا۔ امام غزالی جیسا فلسفی، عمر خیام جیسا باکمال ریاضی داں اور امام الحرمین جوینی جیسا عظیم زماں سب اسی زمانہ میں تھے اور ان سب کے نظام الملک طوسی سے گہرے مراسم تھے غرض یہ کہ آل برمک کے بعد نظام الملک طوسی سے زیادہ نامی و گرامی وزیر کوئی نہیں ہوا زیر نظر کتاب نظام الملک طوسی کے حالات پر مشتمل ہے۔

بڑی سائز صفحات ۵۶۰ مجلد

قیمت پندرہ روپے

البرامکہ

مصنفہ : مولانا عبدالرزاق کانپوری

عالم اسلام کے نامور وزراء خالد برمکی، یحییٰ اور جعفر برمکی کون تھے؟ انہوں نے عہد عباسی میں کیا کیا کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ ان دانشور اور مدبر وزیروں کے عروج و زوال کی حیرت انگیز داستان۔

البرامکہ ایک شخص یا صرف تین نامور وزراء یحییٰ، فضل اور جعفر برمکی کی سوانح حیات ہی نہیں ہے بلکہ ایران کی قدیم عظمت کی کہانی، عہد عباسی کے عظیم الشان تمدن کی تاریخ اسلامی تاریخ کے درخشاں ترین دور کی جیتی جاگتی تصویر اور عباسی خلفاء کے سیاسی و انتظامی اداروں کی مکمل داستان بھی ہے۔ اس کتاب سے جہاں ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ برامکہ کون تھے وہاں یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ بلخ کی عظمت گذشتہ کیا تھی جہاں ہم یہ معلوم کرتے ہیں عہد عباسی کے بہترین دور ہارون الرشید کے زمانہ میں کس قسم کے سیاسی و معاشرتی افکار پائے جاتے تھے، وہاں اس کی بھی پوری تفصیلات ہمارے سامنے آ جاتی ہے کہ اس دور میں حکومت کے انتظامی دفاتر کیا کیا تھے ان کے ذمہ کیا فرائض تھے عدلیہ کا نظام کس طرح قائم تھا۔ مالیات عامہ اور مالگذاری کا اصول کیا تھا۔ عربی ادبیات کا اس زمانہ میں کیا حال تھا۔ فارسی کا جدید ادب جو ابھی عالم طفلی میں تھا کس دور سے گذر رہا تھا ہاں! اور اس کتاب کے مطالعہ سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ علوم اوائل یعنی فلسفیانہ افکار و خیالات کی آمیزش سے اس زمانہ میں اسلامی عقائد و اعمال پر کیا گذر رہی تھی مصنف مرحوم کے مطالعہ کی وسعت تحریر کی روانی، فکر کی استواری نے واقعتہ ایک ایسی تاریخی کتاب پیدا کی ہے جو ہر طرح لاثانی اور ہر لحاظ سے بے مثال ہے۔ بڑی سائز صفحات ۵۷۶

قیمت پندرہ روپے

Marfat.com

مآثر عالمگیری

مصنف : محمد ساقی مستعد خاں

مترجم : مولوی محمد فدا علی طالب

ہندوستان میں مسلمانوں کا دور حکومت تاریخ کا سب سے اہم دور ہے اور تاریخ کے اس حصہ میں محی الدین اورنگ زیب عالمگیر کا پچاس سالہ عہد حکمرانی سب سے نمایاں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ عالمگیر صرف بادشاہ ہی نہیں تھا۔ وہ جس طرح حکمرانی کے تخت و تاج کی زینت تھا اسی طرح علم و ادب کے تخت کی زینت بھی تھا اس کے علم و فضل کی گواہی میں آج بھی تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں لیکن وقت کا عجیب حادثہ ہے کہ اس عادل و فاضل بادشاہ کے بارے میں طرح طرح کی بدگمانیاں اور بے سروپا کہانیاں وضع کر دی گئی ہیں اور متعصب مورخین اسے ایک ظالم بادشاہ کی حیثیت سے پیش کرتے ہیں۔

مآثر عالمگیری اس عظیم المرتبت بادشاہ کے پچاس سالہ جنگی دور حکومت کے چشم دید حالات پر مشتمل ہے اس کا مصنف محمد ساقی مستعد خاں وقائع نگار کی حیثیت سے زندگی بھر اورنگ زیب کے ساتھ محل شاہی سے لے کر میدان جنگ تک رہا۔ اس اہم تاریخی کتاب کے مطالعہ سے شاہجہان کے ایام اسیری دارا شکوہ، شجاع اور مراد کی باہمی جنگ، سیوہ جی مرہٹہ کی چالبازیاں اور تباہ کاریاں، فتح گول کنڈہ اور فتوحات دکن کی صحیح تصویر آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے متعصب سے متعصب مورخ نے بھی اس کتاب کو مستند اور منصفانہ تسلیم کیا تاریخ کا کوئی طالب علم مآثر عالمگیری کے مطالعہ کے بغیر عالمگیری دور حکومت کے صحیح خدوخال سے آشنا نہیں ہو سکتا

بڑی سائز

خوبصورت گرد پوش صفحات ۴۸۰

خوبصورت کتابت و طباعت

قیمت چودہ روپے

سفرنامہ ابن بطوطہ

مترجم : رئیس احمد جعفری

ابن بطوطہ نے جب اپنے سفر کا آغاز کیا تو اس وقت ریل نہ تھی، نہ موٹر نہ طیارے نہ کل کے جہاز جب سمندر کا سفر کرنا جان جوکھوں کا کام تھا۔ بربر کا ایک منچلا نوجوان ابن بطوطہ رخت سفر باندھ کر اٹھا اور کامل چھبیس سال تک سمندر کی لہروں سے لڑتا ہولناک ریگستانوں سے گذرتا پرشور دریاؤں کو کھنگالتا فلک بوس پہاڑوں پر چڑھتا جنگلوں اور بیابانوں اور ریگستانوں کو قطع کرتا اپنے ذوق سیاحت کو تسکین پہنچاتا رہا۔ وہ دیار حجاز کی خاک پاک کو آنکھوں سے لگاتا یمن کے دشوار گذار راستوں کو طے کرتا مصر، بغداد، شام، عراق، ایران، ترکستان، ماوراء النہر، بلخ بخارا، بدخشاں، افغانستان آذربائیجان عیسائیوں کے مرکز، ثقافت قسطنطنیہ اور ترکوں کی مملکت کا دورہ کرتا ان مقامات کے علماء، صلحا، اخیار ابرار، ملوک، سلاطین امراء اور وزراء نیز اصحاب علم و فضل سے ملتا ہندوستان پہنچا اس نے سندھ کے ایک ایک شہر کو دیکھا یہاں کے لوگوں کو ملا یہاں کے مدارس اور مکاتب کا جائزہ لیا اس نے پنجاب کی سیر کی اور وہاں کے اجل علماء سے ملاقات کی وہ دلی پہنچا تاریخ کے سب سے زیادہ باجبروت شخص محمد تغلق نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا منصب قضا پر مامور کیا اس طرح اسے سارے ہندوستان کی سیاحت کا موقع ملا پھر سلطان کا سفیر بن کر چین گیا وہاں کے مسلمانوں سے واقفیت پیدا کی جب وہ وطن سے نکلا تو ۲۵ سال کا نوجوان تھا جب واپس آیا تو ۵۰ سال کا بوڑھا تھا ابن بطوطہ کے مکمل سفرنامہ کا ترجمہ تہذیب و ترتیب کے ساتھ رئیس احمد جعفری نے کیا ہے کتاب کی دلچسپی کا یہ عالم ہے کہ ایک صفحہ پڑھنے کے بعد جب تک ختم نہ کر لیں آپ کو قرار نہ آسکے گا۔

بڑی سائز مجلد خوبصورت گرد پوش

حصہ اول صفحات ۴۴۳ قیمت گیارہ روپے

حصہ دوم صفحات ۳۶۰ قیمت تیرہ روپے

Marfat.com

فلسفۂ اسلام

تصنیف ڈی اولیری

ڈی۔ ڈی استاذ آرامی و سریانی برسٹل یونیورسٹی

مترجم: احسان احمد بی اے علیگ

رکن سررشتہ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ

یہ کتاب مسلمانوں کی عقلی تاریخ کا ایک حصہ ہے، جو نہایت سلیقہ کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے یہ کتاب ان متعصب اور کم نظر یورپین مصنفین کی غلط فہمی کا ازالہ کر دیتی ہے جو یہ بیان کرتے رہے ہیں کہ ارسطو کے بعد فلسفہ کی رفتار رک گئی اور ڈی کارٹ نے اسے پھر سے رواں کر دیا۔ فاضل اولیری نے جو خود عیسائی اور دینیات کا عظیم الشان عالم اور مسیحی فلسفہ کا بے مثال فاضل ہے سلیقہ کے ساتھ مستند ماخذوں سے اخذ کر کے اس تاریخی حقیقت کو بے نقاب کر رہا ہے کہ اگر یونانی فلسفہ کی آبیاری مسلمان علمائے عقلیات نہ کرتے اور اضافہ پر اضافہ نہ کرتے چلے جاتے تو فلسفہ کا نام ونشان دنیا سے نابود ہو چکا ہوتا یہ احسان ہے ابن طفیل، ابن باجہ، ابن رشد، ابن سینا اور فارابی، امام غزالیؒ وغیرہم کا کہ آج لوگ فلسفہ جیسے کسی فن سے واقف ہیں اور بحث وتجسس کی محفل میں فلسفہ موضوع سخن بن سکتا ہے اس کا اردو ترجمہ جناب مولوی احسان احمد صاحب نے جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن کے لئے کیا تھا بڑے بڑے اہل علم ونظر نے تحقیق کی کسوٹی پر کسنے کے بعد اسے داخل نصاب کیا تھا کتاب اپنی اہمیت کے اعتبار سے اور ترجمہ اپنے صحت وسلاست کے اعتبار سے اس قدر بے مثال ہے کہ اس موضوع پر کوئی دوسری کتاب اس کے مقابلہ میں پیش نہیں کی جاسکتی۔

بڑی سائز مجلد

صفحات ۲۴۵

قیمت چھ روپے پچھتر پیسے

سفینۃ الاولیاء

تصنیف: شہزادہ داراشکوہ

مترجم: مولانا محمد علی لطفی

سب سے زیادہ خوش قسمت مغل شہنشاہ یعنی شاہجہان شہنشاہ ہندوستان کا سب سے بڑا فرزند اور ولی عہد سلطنت شہزادہ داراشکوہ تلوار کا دھنی تھا یا نہ تھا لیکن قلم کا بہرحال بادشاہ نہیں تو شہزادہ ضرور تھا اس کو اولیاء اللہ اور بزرگان دین سے بے پناہ عقیدت تھی اور فارسی انشاء پردازی پر بلا کی قدرت خدا نے اسے عطا کی تھی اس عقیدت اور صلاحیت انشاء پردازی نے فارسی زبان کو کئی گراں بہا کتابیں عطا کیں جن میں سب سے زیادہ مشہور سفینۃ الاولیاء ہے۔

اس کتاب میں حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم امہات المومنین، ائمہ اثنا عشر خلفائے راشدین امام ابو حنیفہؒ امام مالکؒ امام شافعیؒ امام احمد بن حنبلؒ اور دیگر اولیائے کرام اور نیک خواتین اسلام کے تذکرے بڑی تفصیل کے ساتھ اور نہایت عمدہ پیرایہ میں درج کیے گئے ہیں عقیدت میں ڈوبا ہوا قلم اور محبت سے بھری ہوئی تحریر، مستند اور تحقیقی حالات، یہ خصوصیات ہیں اس تذکرہ اولیاء کی جو ہر کتاب میں نہیں ملتی ہیں

بڑی سائز صفحات ۲۷۰ مجلد رنگین گرد پوش

قیمت سات روپے پچھتر پیسے

اسلامی معاشیات مولانا مناظر احسن گیلانی

قیمت پندرہ روپے

تاریخ تمدن اسلام مصنفہ جرجی زیدان

ترجمہ: حلیم انصاری

قیمت حصہ اول دس روپے

حصہ دوم دس روپے

60780

Marfat.com

عہد لارڈ مونٹ بیٹن

داستان سے زیادہ حیرت انگیز
تاریخ سے زیادہ مستند
ناول سے زیادہ دلچسپ

مصنفہ : کیمبل جانسن (پریس اتاشی)

مترجم : یونس احمد ایم اے

ہندوستان میں آخری برطانوی گورنر جنرل لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے ہمراز و دمساز کیمبل جانسن کی شہرہ آفاق کتاب کا اردو ترجمہ، یہ ایک ایسی مستند دستاویز ہے جس کے ہر صفحے میں سیاسی ہنگامہ آرائیوں، گھناؤنی سازشوں، خود غرضیوں، فریب کاریوں اور بے انصافیوں کا آتش فشاں دہک رہا ہے یہ ایک ایسی داستان ہے جس کی ہر سطر میں مسلمانان ہند کے خلاف برطانوی آمریت و شہنشاہیت کا جذبۂ انتقام پوری شدت کے ساتھ اجاگر ہے یہ ایک ایسی تاریخ ہے جو آگ کے لپکتے ہوئے شعلوں میں گھر کر اور خون کی بھری ہوئی ندیوں میں ڈوب کر لکھی گئی یہ روزنامچوں کا ایک ایسا مجموعہ ہے جس میں انگریزوں اور ہندوؤں کی مکر اور پُر فریب سازشوں کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔

اس دور کی ہولناک داستان ہے جب انسانیت خون اور آگ کے دریا سے گذر رہی تھی۔ یہ کتاب تقسیم ہند کی مستند ترین داستان اور تاریخ ماضی قریب کا اہم ترین باب ہے بلکہ عبرت انگیز بھی اس کے مطالعہ سے آپ پر بہت سی حقیقتیں کھل جائیں گی جن پر آج تک سیاست گری کے پردے پڑے ہوئے ہیں برطانوی ہند کے آخری وائسرائے لارڈ مونٹ بیٹن کے ہندوستانی لیڈروں سے سیاسی مذاکرات اور ہندوستان کے سیاسی جوڑ توڑ کے وہ راز جن سے عوام تو کیا بڑے بڑے سیاسی لیڈر بھی پوری طرح واقف نہیں اردو میں یہ کتاب پہلی مرتبہ پیش کی جا رہی ہے۔

قیمت بارہ روپے

شاہجہاں کے ایام اسیری

اور

عہد اورنگ زیب

مصنفہ : ڈاکٹر برنیر

مترجمہ : خلیفہ محمد حسین

تاریخ ہندوستان کا وہ انتہائی نازک دور تھا جب تاج محل کے خالق کو اپنی زندگی کے آخری لمحات پس دیوار زنداں گزارنے پڑے جب شاہجہاں کی بوڑھی آنکھیں اپنے جگر گوشوں کو ایک دوسرے کے خون کا پیاسا دیکھ رہی تھیں جب مغلیہ سلطنت پر ادبار کے بادل چھا گئے اور ناتجربہ کار ہاتھ تاج و تخت کی طرف بڑھنے لگے جب اورنگ زیب کی شمشیر خارا شگاف کی جولانیاں اپنے شباب پر تھیں جب عالمگیر کے عزم کامراں اور جہد مسلسل نے اس عظیم الشان اسلامی دیش کو تباہی سے بچا لیا اس ہنگامی دور کی دلکش عکاسی اس دور کے عینی شاہد ڈاکٹر فرانسس برنیئر کی ہے یہ جہاندیدہ سیاح ۱۶۵۶ء سے ۱۶۶۸ء تک ہندوستان میں رہا اس نے یہاں کے سیاسی اور سماجی حالات کا بغور مطالعہ کیا اور اس حاصل مطالعہ کو صفحہ قرطاس پر منتقل کر کے تاریخ کے ایک اہم دور کو زندہ کر دیا۔ یہ کتاب اس انتہائی اہم اور نازک زمانے کی تاریخ بھی ہے تبصرہ بھی ہے اور سفرنامہ بھی، متذکرہ دور کی ہر اہم شخصیت کے بارے میں نایاب معلومات کا خزینہ اس زمانہ کے رسم و رواج اور معاشرت کی دلکش تصویر روح کو لرزا دینے والے حقائق کا آئینہ، پایۂ تخت دلی کشمیر جنت نظیر اور عوامی زندگی کے دلچسپ حقائق، غرض حیرت انگیز واقعات کا سیل بے پناہ، یہ عظیم الشان سفرنامہ ایک مستند و معتبر سیاسی تاریخی دستاویز بھی ہے اور صحیفۂ عبرت بھی۔

بڑی سائز صفحات ۶۰۸ مجلد

قیمت سولہ روپے پچھتر پیسے

Marfat.com

منتخب اللباب

مصنفہ ہاشم علی خاں (خافی خاں نظام الملک)

کا اُردو ترجمہ

از محمود احمد فاروقی

(چار حصوں میں)

مغلیہ دورِ حکومت

حصہ اول	بابر سے جہانگیر تک	قیمت	گیارہ روپے
حصہ دوم	دورِ شاہجہانی	قیمت	نو روپے
حصہ سوم	دورِ عالمگیری	قیمت	پندرہ روپے
حصہ چہارم	شاہ عالم سے ناصر الدین محمد شاہ تک	قیمت	بارہ روپے

بڑی سائز، سفید کاغذ، مجلد ٭ قیمت مکمل سیٹ چھیالیس روپے پچھتر پیسے

برعظیم ہند میں سلطنت آرائی اور فرماں روائی کی تاریخ میں سلطنت مغلیہ کا زریں عہد ایک ناقابل فراموش یادگار ہے اس کی یہ لازوال تابانی بابر سے عالمگیر تک کے اولوالعزم جہاں دار وجہاں کشا فرماں رواؤں کی مرہون منت ہے جس بہادری اور شجاعت اور جس تدبر وسیاست سے انہوں نے اس خطۂ ارض کو بنانے سنوارنے کا فریضہ سر انجام دیا اور جس محنت اور سلیقے سے انہوں نے ہندوستان میں ایک نئی تہذیب اور ایک نئے تمدن کو پروان چڑھایا اس کی مثال ملکوں اور قوموں کی تاریخ میں بہت کم ملتی ہے آج بھی سرزمین پاکستان وہند کے چپہ چپہ پر مغلوں کے پرشکوہ حکمرانی کے ان مٹ نشان ماضی کی یاد دلاتے ہیں زمانہ کے تیز وتند انقلابات کے باوجود اسی آب وتاب کے ساتھ درخشاں ہیں ہندوستان میں پہلے مغل فاتح ظہیر الدین بابر کا داخلہ مسلمانوں کی تاریخ کا اہم ترین واقعہ ہے یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ اگر خانوادہ تیموری کا یہ جنگجو سلطان ہندوستان کا رُخ نہ کرتا تو ہندوستان میں مسلمان کا تین سو سالہ اقتدار ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا مغلوں نے بروقت ہندوستان پہنچ کر مسلم اقتدار کو ہندو گردی کی نذر ہونے سے بچا لیا بابر کے بعد اس کے جانشینوں نے جس بہادری اور شجاعت سے جس حکمت وتدبر سے جزیرہ نمائے ہند کی وسعتوں پر فرماں روائی کی اس نے یہ ثابت کیا کہ مغلوں ہی کو قدرت نے حکمرانی کی تمام صلاحیتیں بخشی تھیں، آج ہم اس دورِ حکومت کی مستند ترین تاریخ منتخب اللباب مصنفہ خافی خاں (نظام الملک) فخر کے ساتھ پیش کر رہے ہیں یہ کتاب شاہانِ مغلیہ کے تاریخی ماخذوں میں اہم ترین ماخذ ہے اس سے استفادہ کئے بغیر مغل تاریخ کو سمجھنا ناممکن ہے۔ منتخب اللباب کا مصنف انصاف پسند اور راست گو مورخ گزرا ہے جس نے شاہانِ مغلیہ کے قریب رہ کر مغل دربار کے ظاہر وباطن کو بچشم خود دیکھا ہے اورنگ زیب عالمگیر کے ساتھ میدان جنگ میں بھی برابر شریک رہا ہے۔

اس اہم تاریخی دستاویز کو پڑھنے کے بعد آپ اندازہ کر سکیں گے کہ مغربی مصنفین اور ہندو مورخین نے مغل شہنشاہوں کے ساتھ کتنی بے انصافیاں کی ہیں۔

اُردو ادب میں یہ تاریخی شاہکار پہلی دفعہ فارسی سے ترجمہ کر کے پیش کیا جا رہا ہے اس کتاب کو ہر صاحب ذوق کی لائبریری میں موجود ہونا چاہیے۔

Marfat.com

امیر تیمور

مصنف : ہیرلڈ لیمب

مترجم : محمد عنایت اللہ دہلوی

تیمور عظیم فاتح تھا۔ مورخین اسے دوسرے فاتحین پر فائق سمجھتے ہیں، اس لئے کہ اس نے جس سمت قدم بڑھایا آگے ہی بڑھتا گیا۔ شکست اور ہزیمت سے وہ نا آشنا تھا۔ اس نے ماسکو سے دمشق اور دلی سے انقرہ تک پوری آدھی دنیا کو فتح کیا۔ ہر معرکہ میں کامران ہوا جہاں مقاومت ہوئی، دشمن کو کچل کر رکھ دیا۔ کئی شہروں کو بیخ وبن سے اکھاڑ پھینکا لیکن یہی نہیں کہ تاخت وتاراج ہی کو اپنا مطمح سمجھا ویرانوں کو آباد بھی کیا، نئے شہر بسائے شاہراہیں تعمیر کیں۔ مخالفوں نے امیر تیمور کو سفاک کے رنگ میں پیش کیا اور متعصب تاریخ دانوں نے اس کی وحشت و بربریت ہی کے قصے تراشے اور پھیلائے، اس کی عظمت اور رفعت کے اصل اسباب پر بہت کم نظر کی۔ چونکہ تیمور کی عمر جنگیں لڑتے اور ایک کے بعد دوسرا علاقہ فتح کرتے گذری اس لئے اس کی حربی مہمات اس کے دوسرے مشاغل پر بھاری رہیں اور مورخوں نے انہی کا زیادہ تذکرہ کیا اور انہی میں زیادہ رنگ بھرے تاہم اس پر تو سبھی متفق ہیں کہ پانچ صدیوں کے بعد آج بھی تیمور کو دنیا کے تمام معروف فاتحین میں سب سے بڑا تصور کیا جاتا ہے۔

ہیرلڈ لیمب نے امیر تیمور کے سوانح افسانوی روپ میں پیش کئے ہیں یہ نہیں کہ انہوں نے حقائق کو نظر انداز کر دیا ہو اور زور بیان دکھانے کے زعم میں تاریخ کو مسخ کر دیا ہو۔ وہ غالباً پہلے مغربی مصنف ہیں جنہوں نے امیر تیمور کی زندگی کو بغیر کسی تعصب کے جوں کا توں پیش کرنے کی سعی کی ہے۔

بڑی سائز۔ اعلی سفید کاغذ

کتابت وطباعت دیدہ زیب

قیمت بارہ روپے

تحقیق الجہاد (مع ضمیمہ جات)

اردو ترجمہ

کریٹیکل اکسپوزیشن آف دی پاپولر جہاد

اردو ترجمہ: غلام الحسنین پانی پتی

مصنف: نواب اعظم یار جنگ مولوی چراغ علی مرحوم

جس میں علامہ مصنف نے بزبان انگریزی ۱۸۸۵ء میں یورپین مصنفین کے اس اعتراض کے جواب میں کہ مذہب اسلام بزور شمشیر پھیلایا گیا ہے۔ قرآن وحدیث وفقہ اور تاریخ سے نہایت عالمانہ اور محققانہ طور پر ثابت کیا ہے کہ جناب پیغمبر اسلام صلعم کے تمام غزوات وسرایا اور بعوث دفاعی تھے اور ان کا یہ مقصد ہرگز نہ تھا کہ غیر مسلموں کو بزور شمشیر مسلمان کیا جائے بلکہ آپ اور آپ کے صحابہ مجبوراً مدافعت کرتے تھے ان کی تصنیفات کا موضوع عموماً دفاع عن الاسلام ہوتا تھا خاص طور پر یورپین مستشرقین کی ہفوات کا نہایت مدلل سنجیدہ اور علمی جواب ان کی تصنیفات میں ملتا ہے اور وہ اس قدر سنجیدگی کے ساتھ بغیر اظہار غیظ وغضب جاہل مستشرقین کی جہالتوں کا پردہ چاک کرتے ہیں کہ پڑھنے والے کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

نواب اعظم یار جنگ مولوی چراغ علی مرحوم کی تصنیفات میں سے ان کی انگریزی کتاب کریٹیکل اکسپوزیشن آف دی پاپولر جہاد بڑی معرکہ کی کتاب ہے اس میں فاضل مصنف نے جہاد اسلامی سے متعلق یورپین مستشرقین کی پھیلائی ہوئی غلط فہمی اور ان زہرناک تحریروں کا پردہ علم وتحقیق اور فہم وفراست کی قینچی سے چاک کیا ہے اور ثابت کر دیا ہے کہ اسلام کے پھیلنے کا سبب جہاد اسلامی نہیں ہے بلکہ دین اسلام کی صداقت اور خدا پرستی کا سچا جذبہ ہے جہاد تو محض ان رکاوٹوں کے دور کرنے کی سعی ہے۔

بڑی سائز۔ اعلی سفید کاغذ صفحات ۴۰۰ مجلد

قیمت بارہ روپے

Marfat.com

کتاب الرّوح

مصنّف: علامہ حافظ ابن قیّم

ترجمہ: مولانا راغب رحمانی

جوں جوں عقلِ انسانی ترقی کرتی ہے اس کی علمی پیاس بھی بڑھتی ہے اب وہ کائنات کی ایک ایک چیز کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرتا ہے۔ آخرکار اُسے خود روح کی حقیقت اور ماہیت کو معلوم کرنے کی جستجو بے چین کرتی ہے کہ روح کیا ہے؟ کہاں سے آئی؟ کس طرح آئی؟ کس طرح جاتی ہے؟ کہاں جاتی ہے؟ اس کے آنے سے جسم انسانی کیوں آباد ہو جاتا ہے، انگ انگ سے زندگی کے چشمے کیوں اُبلتے ہیں اور جب یہ رُوح کائنات کے حکم سے پرواز کر جاتی ہے تو تمام چشمے خشک ہو جاتے ہیں اور یہ جسم انسانی مٹی کا ایک ڈھیر ہو کر رہ جاتا ہے غرض کہ اس قسم کے بیچاسوں سوالات اس پیکر خاکی کے دل ودماغ میں پیدا ہوتے ہیں اور وہ ان کے حل کرنے کے لئے بیتاب رہتا ہے چونکہ مذہبی پیشواؤں اور سائنس دانوں نے روح کے عجیب وغریب حالات کا مشاہدہ کیا ہے اور ان کے تجربات میں ایسے ایسے حیرت انگیز کارنامے آئے ہیں جو انسانی طاقت سے بالاتر ہیں۔ اس لئے لامحالہ شوق پیدا ہوتا ہے کہ آخر یہ طلسم ہوش ربا کیا چیز ہے؟ کس طرح اس سربکتوم کی تہہ تک رسائی حاصل کی جائے کیونکر اس ماہ وش کے چہرے سے نقاب اٹھایا جائے، کس خوردبین سے اس برق وش ذرۂ لاہوتی کو دیکھا جائے؟

ہماری پیش کردہ کتاب کا موضوع بھی رُوح ونفس ہی ہے یہ دنیائے اسلام کے مشہور ومعروف محقق وفلاسفر علامہ حافظ ابن قیم کی مایۂ ناز تصنیف ہے جو انہوں نے برس ہا برس کی محنت اور گہرے مطالعہ کے بعد پیش کی ہے۔

علامہ موصوف اپنی علمی تحقیق کے باعث دنیائے اسلام کے عظیم ترین فلاسفروں میں سے ہیں، کتاب الروح کے ہر ہر لفظ سے کتاب وسنت کی بے پناہ محبت ٹپکتی ہے۔ اور آپ اپنا ہر قدم قرآن وحدیث ہی کی روشنی میں اٹھاتے ہیں۔

یہ جلیل القدر کتاب عظیم وکثیر فوائد کی حامل ہے۔ اس موضوع پر ایسی کتاب آج تک نہیں لکھی گئی یہ بیش بہا جواہر جو اس میں پائے جاتے ہیں کسی اور کتاب میں نہیں ملیں گے اس میں روحوں کے بارے میں خواہ زندوں کی روحیں ہوں یا مُردوں کی تمام مسائل جمع کر دیئے گئے ہیں اور ان پر قرآن وحدیث اور آثار سے اور مستند علماء کے اقوال سے روشنی ڈالی گئی ہے آپ بھی اپنے اندر کے اس شرارۂ ہستی کے اسرار ورموز سے قرآن وسنت کی روشنی میں آگاہی حاصل کریں۔

بڑے سائز صفحات ۳۰۴ مجلد - اعلیٰ سفید کاغذ قیمت نو روپے نوّے پیسے

Marfat.com

مولانا عبدالباری ندوی

سابق پروفیسر فلسفۂ دینیات عثمانیہ یونیورسٹی کی

چار معرکۃ الآرا تصنیفات

تجدید دین کامل

جسمیں بتایا گیا ہے کہ مسلمانوں کی دینی و دنیوی ہر طرح کی فلاح و اصلاح کا مدار پورا پورا مسلمان ہونے پر ہے۔ جس کے لئے ہماری دینی کوتاہیوں اور بیماریوں کی ایسی آسان اور کارگر تدبیریں بتلادی گئی ہیں کہ پورا پورا مسلمان بن جانا ہر شخص کے لئے بالکل اپنے اختیار میں ہے اور محرومی کا بجز محرومی کے کوئی عذر نہیں رہ جاتا، بس قدم اٹھا کر چل پڑنا ہے۔ بڑی سائز صفحات ۴۰۰ قیمت نو روپے پچھتر پیسے

تجدید تصوف و سلوک

جسمیں تصوف کے متعلق ہر قسم کی علمی و عملی غلطیوں اور غلط فہمیوں کو دور کرکے بتلایا گیا ہے کہ حقیقی تصوف دراصل کمال اسلام اور کمال ایمان کے سوا کچھ نہیں ہے اور بے صوفی بنے اسلام کی دنیوی و اخروی اور اجتماعی برکات و ثمرات حاصل ہونا عملاً ناممکن ہے، بڑی سائز صفحات ۲۳۶ مجلد قیمت آٹھ روپے پچیس پیسے

تجدید معاشیات

جسمیں معاشیات کے نو پیدا نظریوں اور لغزشوں سے مرعوب ہوئے بغیر خالص اسلامی و ایمانی تعلیمات کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے کہ رزق و معاش کا مسئلہ دراصل کوئی مسئلہ نہیں جو فرد یا سماج (مسلمان ہی نہیں غیر مسلم) بھی ان تعلیمات پر کم زیادہ جتنا بھی عمل کرلیا جائے اتنا ہی انشاء اللہ دن رات کے معاشی غم و غصہ کی جہنم سے دنیا ہی میں اپنے کو ضرور بچالے گا۔ بڑی سائز صفحات ۴۰۰ مجلد قیمت نو روپے پچھتر پیسے

تجدید تعلیم و تبلیغ

خالص اسلامی بنیادوں پر بہترین قوم (خیر امتہ) بنانے کی تعلیمی و تبلیغی تجدیدات و تدابیر جو ہر فرد انسان کو ظاہری و باطنی طور پر مسلمان اور کامل انسان بنانے کا یہ تعلیمی و تبلیغی نظام نسلی و وطنی قومیتوں اور سیاسی و معاشی خیال پرستیوں (آئیڈیالوجیوں) کی جہنم سے دنیا کو نجات دلاسکتا ہے۔ بڑی سائز صفحات ۲۴۰ مجلد رنگین گرد پوش قیمت چھ روپے

Marfat.com

گلشن بے خار

مصنفہ : نواب محمد مصطفےٰ خاں شیفتہ

عظیم الدولہ سرفراز الملک نواب محمد مصطفےٰ خاں شیفتہ مظفر جنگ، یہ وہی نواب شیفتہ ہیں جن کے ساتھ مولانا حالی مرحوم اپنی ابتدائی زندگی میں بڑی مدت تک رہے ہیں جن کے گھر شعراء کا اجتماع پابندی کے ساتھ ہر ماہ ہوا کرتا تھا جن کی شعرگوئی اور شعر فہمی، اسداللہ خاں غالب دہلوی حضرت ذوق اور مفتی صدر الدین آزردہ، اور حکیم مومن خاں دہلوی جیسے اساتذہ کے نزدیک بھی مسلم تھی۔ وہ خود بہت بڑے شاعر تھے اپنے وقت کے سب سے بڑے نقاد سخن تھے اور شعراء کے سرپرست اور معین و مددگار بھی تھے نواب شیفتہ نے شعراء کا ایک مکمل تذکرہ "گلشن بے خار" کے نام سے لکھا اور ۱۲۵۳ھ میں اسے چھپوا کر شائع کیا اس تذکرہ میں بات ایسی خصوصیات ہیں جو دوسرے تذکرہ شعراء سے اسے ممتاز قرار دیتی ہیں۔ بڑی سائز صفحات ۳۴۰

قیمت نو روپے

سیاست نامہ

مصنفہ : خواجہ نظام الملک طوسی

مترجم : شاہ حسن عطا ایم اے علیگ

یہ کتاب عالم اسلام کے پہلے آئین ساز وزیراعظم نظام الملک طوسی کی مایہ ناز تصنیف ہے نظام الملک صرف ایک وزیراعظم ہی نہیں تھا بلکہ ایک بلند پایہ مفکر ایک عدیم النظیر فلسفی، ایک فقید المثال مصنف اور بالغ نظر سیاست داں بھی تھا جس کی صدیوں پہلے لکھی ہوئی یہ بلند پایہ تصنیف آج بھی مشرق سے لے کر مغرب تک سیاست دانوں کے لئے رہنمائی کا موجب ہے۔ یہ کتاب جہاں بانی و جہاں بینی کا نادر مرقع ہے۔ بڑی سائز صفحات ۲۷۲ مجلد

قیمت : سات روپے

حیات حافظ ابن القیم

مصنفہ : عبدالعظیم عبدالسلام شرف الدین پروفیسر جامعۃ القاہرہ

ترجمہ : حافظ سید رشید احمد ارشد ایم اے لیکچرار جامعہ کراچی

آٹھویں صدی کے مشہور عالم باعمل، امام ابن تیمیہ کے شاگرد رشید اور رفیق خاص اور مورخ کبیر حافظ ابن کثیر کے باعث فخر استاد یعنی امام حافظ محمد بن ابی بکر ابن القیم المتوفی ۷۵۱ھ کی مکمل سوانح عمری اس زمانہ کے سیاسی و اجتماعی حالات علمی اور مذہبی تحریکات اور فقہ، عقاید و تصوف پر حافظ ابن القیم جیسے عالم باعمل اور عارف کامل کے افکار و خیالات کا بیش بہا اور قابل استفادہ مجموعہ۔ یہ وہ کتاب ہے جس پر شیخ محمد زفزاف الازہری جیسے علامہ زماں نے پیش لفظ لکھا اور جس کے ایک ایک لفظ پر جامعۃ القاہرہ نے بحث و تمحیص کر کے اسے بہترین تصنیف قرار دیا اور اس کتاب پر اعلیٰ ترین سند عطا کی گئی۔

بڑی سائز صفحات ۵۲۸ مجلد

قیمت پندرہ روپے

انسان کامل

مصنفہ : سید عبدالکریم الجیلی

مترجم : مولانا فضل میراں

قرآن حکیم اور احادیث نبوی ﷺ کی تفسیر و تشریح کی روشنی میں علم تصوف کے اسرار و رموز، احوال و ظروف، کنایات و حکایات اور حقائق و معارف کا وہ گرانمایہ خزینہ جو ناقصین و کاملین کے لئے پیر کامل اور رہنما کے فرائض انجام دینے میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

بڑی سائز صفحات ۴۵۰

قیمت : گیارہ روپے

Marfat.com

الدین القیم

حضرت علامہ سید مناظر احسن گیلانی،

پروفیسر جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن میں بحیثیت شعبہ اسلامیات، علامہ مرحوم نے اعلیٰ درجہ کے طلبہ کو جو گراں قدر لیکچر، مذہب، اس کی ضرورت، اس کی نوعیت اور مذہب اسلام سے متعلق دیئے تھے یہ کتاب ان ہی بیمثال لیکچروں کا مجموعہ ہے جن پر پوری طرح علامہ مرحوم نے نظر ثانی اور اضافے کرکے اشاعت کے لئے دیا تھا۔

اُردو ہی نہیں، عربی اور انگریزی وغیرہ میں بھی اس سے بہتر اور کوئی کتاب اس موضوع پر موجود نہیں ہے اس میں آپ اُن تمام سوالات کے شافی جواب پائیں گے جو آج کے جدید تعلیم یافتہ دماغوں میں پیدا ہوتے ہیں اس میں دینِ اسلامی اور تمام ادیان عالم کے مابین علمی اور خالص فلسفیانہ انداز میں تقابلی مطالعہ آپ کو ملے گا اس میں آغاز و انجام عالم سے متعلق مختلف ادوار اور مختلف فلسفیوں کے افکار آپ کو نظر آئیں گے اور پھر سادہ عقلی اصول پر ان کا محاسبہ اور ان پر محاکمہ دکھا دے گا۔

یہ وہ کتاب ہے جس نے بہت سے اعلیٰ تعلیم یافتہ دماغوں کو سیدھی راہ دکھا دی اور بہت سے لادینوں کی قسمتیں بدل دیں۔

اس کتاب کا مطالعہ آپ کے لئے انتہائی ضروری ہے اور اس سے اپنے بچوں اور بچیوں کو بھی روشناس کرائیں تاکہ وہ اپنے دین کی مکمل اتباع کر سکیں۔

عام سائز صفحات ۲۷۲

مجلد خوبصورت گردپوش

قیمت پانچ روپے

حضرت ابوذر غفاری رض

علامہ سید مناظر حسین گیلانی

رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق زار معاشی عدل کے علمبردار صحابی کے سوانح حیات، اور پُرکیف حالات، جن کو پڑھتے ہوئے آدمی اپنے آپ کو ایک ایسی دنیا میں پاتا ہے جسے لفظوں میں بیان کرنا ممکن نہیں۔

عرب کے بدوی قبیلہ کا مشہور و معروف بہادر لٹیرا، جب خدا کی رحمت کا ہاتھ پکڑ لیتی ہے تو کس طرح بدل جاتا ہے اور کیا ہو جاتا ہے بڑی عجیب داستان حیات ہے اور اس والہانہ انداز میں لکھی گئی ہے کہ ایک ایک لفظ آنکھوں کے سامنے آکر دل کی گہرائیوں میں اُتر جاتا ہے۔ رگ و ریشہ میں گرم خون دوڑنے لگتا ہے۔ اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ مکہ کی جلتی ہوئی ویران پہاڑیاں اور وسطانی وادی کے سب سے نچلے حصہ میں

دنیا کے بت کدہ میں پہلا وہ گھر خدا کا

اور اس کی دیواروں کے سائے میں حق و صداقت کا متلاشی، بنی غفار کا جواں سال اور بہادر فرزند مجھو کا پریشان حال اللہ کے سچے نبیؐ کو ایک نظر دیکھنے کے لئے سراپا چشم انتظار بنا ہوا بیٹھا ہے۔

یہ کتاب ہر شخص کو پڑھنا چاہئے اور اسے بار بار پڑھنا چاہئے۔

عام سائز صفحات ۳۰۴

مجلد خوبصورت گردپوش

قیمت

پانچ روپے پچیس پیسے

Marfat.com

صنم خانہ عشق

مصنف : حضرت امیر مینائی

امیر مینائی کا کلام دل میں اُتر جانے والی کیفیت اور ذہنوں کو گرما دینے والی حرارت کا امتزاج ہے ان کی غزلوں میں شباب کی سرخی بھی ہے اور حسن کی رعنائی بھی، وہ اپنی ندرت فکر و تصوف، شاعرانہ ندرت و سلاست کے حسین شاہکاروں سے لبریز ہیں۔ ان کا اولین مجموعہ "صنم خانہ عشق" ایک عرصہ سے نایاب اور مفقود تھا اسے نئے حسن ترتیب سے شائع کیا جا رہا ہے اس میں ان کی وہ تمام مشہور و مقبول غزلیں شامل ہیں جنہوں نے آج سے ایک صدی پہلے ہر شخص کے دل میں اپنی رنگینیوں اور رعنائیوں کے جادو جگائے تھے

صفحات ۳۲۰ قیمت نو روپے پچھتر پیسے

داستان کربلا

مرتبہ : عبدالرحمان صدیقی

حادثۂ کربلا اسلامی تاریخ کا جس قدر المناک واقعہ ہے اسی قدر عبرت ناک بھی ہے جس کے اندر بڑی بڑی بصیرتیں پوشیدہ ہیں جو طالبان حق اور متلاشیان صداقت کو دعوت فکر و عمل دیتی ہیں۔ یہ کتاب شہادت کے موضوع پر ایسے ہی چند معیاری مقالات کا مجموعہ ہے جو ملک کے ممتاز اور مشاہیر اہل قلم کے نتائج فکر ہیں ان میں سے ایک حصہ جو حادثہ کربلا کی نہایت جامع اور مکمل تاریخ ہے دوسرے تمام مقالوں میں شہادت کے فلسفہ اس کے اعلیٰ اقدار اور بصائر وغیرہ کی شرح و تفسیر کی گئی ہے اس موضوع پر اب تک اس قدر مستند اور بلند پایہ لٹریچر اکٹھا نہیں کیا گیا ہے۔ یہ مجموعہ مولانا ابوالکلام آزاد، ڈاکٹر ذاکر حسین، علامہ مناظر احسن گیلانی اور قائد ملت نواب بہادر یار جنگ بہادر کے مقالات پر مشتمل ہے۔ صفحات ۲۴۰ مجلد

قیمت چار روپے

دعوتِ اسلام

مصنف سر تھامس آرنلڈ مترجم مولوی عنایت اللہ دہلوی

علامہ اقبال مرحوم کے استاد شبلی نعمانی رحمۃ اللہ علیہ کے دوست پروفیسر آرنلڈ کی معرکۃ الآراء کتاب پریچنگ آف اسلام کا وہ اردو ترجمہ جو مرحوم سر سید احمد خاں بہادر نے بڑے شوق اور دلچسپی کے ساتھ مرحوم مولوی عنایت اللہ دہلوی سے کرایا تھا۔ اسلام تلوار سے نہیں بلکہ اپنی صداقت سے دنیا میں پھیلا اور پھیلتا رہے گا تاریخ کے ایک یورپین محقق نے اسے پوری جرأت کے ساتھ ثابت کر دیا ہے اس یورپین محقق نے جو مذہباً عیسائی نسلاً عیسائی اور نہایت پختہ عیسائی تھا خود اس نے سارے عیسائیوں کے کذب و غلط بیانی کا پردہ چاک کر دیا ہے۔ قیمت : دس روپے

ہزار سال پہلے

از علامہ مناظر حسن گیلانی

جزیرہ نمائے پاک و ہند، اسلامی ممالک اور چین کے تہذیبی و تمدنی حالات کا مجموعہ جو چوتھی اور پانچویں صدی کے سیاحوں نے مشاہدہ کیا اور اپنے سفرناموں اور تالیفات میں ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا۔ یہ کتاب ایسا آئینہ ہے جس میں آج سے ہزار سال پہلے کے سیاسی، تمدنی اور تہذیبی حالات دکھائی دیتے ہیں مولانا سید مناظر حسن گیلانی مرحوم نے ابن حوقل، لبشاری، مقدسی، سلیمان تاجر، ابن خرداذبہ مورخ مسعودی اور علامہ قلقشندی کی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہوئے جو یادداشتیں مرتب کی تھیں یہ کتاب انہی یادداشتوں سے بن کر تیار ہوئی ہے کہ وہ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بڑے عمدہ اور معلومات افزا نتائج پیدا کر لیتے ہیں متفرق اجزاء سے ایک پوری تصویر تیار کر لیتے ہیں انہیں کمال حاصل تھا اور ان کا یہ کمال اس کتاب میں بھی پوری شان دلربائی کے ساتھ جلوہ افروز ہے۔

صفحات ۳۰۴ قیمت چار روپے پچیس پیسے

Marfat.com

تعلیم غوثیہ موسوم بہ مرۃ الوحدت

تالیف سید شاہ گل حسن قلندر پانی پتی

تعلیم غوثیہ حضرت غوث علی شاہ قلندر پانی پتی کی تعلیمات پر مشتمل ہے جو پاک و ہند کے آخری دور کی بزرگ شخصیت کے مالک تھے اور یہ کتاب انہی کے بیان کردہ تعلیمات و معارف کا قیمتی خزانہ ہے جسے ان کے خلیفہ اعظم شاہ گل حسن شاہ صاحب نے مولوی اسمٰعیل میرٹھی کی ادیبانہ کاوشوں کی مدد سے قلمبند کیا ہے۔ اسی سلسلے کی ایک کتاب تذکرہ غوثیہ برصغیر پاک و ہند میں خراج قبولیت حاصل کر چکی ہے۔ اور پاک و ہند میں اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ کیونکہ یہ کتاب عوام و خواص میں اپنے دلچسپ واقعات و حکایات اور لطائف و ظرائف کی بدولت بہت مقبول ہوئی۔

یہ کتاب اس مولف کی دوسری کتاب ہے جو اہل باطن اور طبقہ خواص کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ یہ کتاب ایک عرصہ دراز سے نایاب تھی اور چونکہ مولف نے یہ کتاب اپنی عمر کے آخری حصہ میں تحریر کی تھی اس لئے اس میں حضرت غوث علی شاہ صاحب کے باطنی اسرار و رموز کی طبع پایہ بزرگوں کی تصنیفات اور اقوال و ارشادات کی مدد سے نہایت واضح اور مفصل طریقے سے تشریح و توضیح فرمائی ہے۔ توحید و معرفت مسئلہ وحدت الوجود اور دیگر دقیق اور اہم مسائل تصوف حقیقت کی نہایت عمدہ توضیح فرمائی ہے۔ بالخصوص حضرت مجدد الف ثانی حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی، مرزا مظہر جانجاناں اور قاضی ثناء اللہ پانی پتی اور دیگر بزرگوں کی نایاب تصنیفات سے اہم اقتباسات پیش کئے گئے ہیں۔ اس طرح یہ اہم کتاب تصوف کا خلاصہ اور حقیقت و معرفت کا گنجینہ بن گئی ہے۔

حضرت غوث علی شاہ صاحب کے حلقہ بگوش اور عقیدت مند ہم سے عرصہ دراز سے اس کتاب کے شائع کرنے کا تقاضا کر رہے تھے بلکہ قارئین کا وسیع حلقہ جو تذکرہ غوثیہ کا مطالعہ کر چکا تھا وہ بھی تعلیم غوثیہ کے مطالعہ کا خواہشمند تھا

مؤلف کتاب جناب مولانا شاہ گل حسن شاہ قادری کے حالات کا بھی اضافہ کر دیا ہے اس کے علاوہ ہم نے اس کتاب میں فارسی کی طویل دقیق عبارتوں کا اردو میں سلیس اردو ترجمہ کرایا تاکہ قارئین کرام فارسی عبارتوں کے مطالب سے بھی بخوبی واقف ہو سکیں اس کے ساتھ ساتھ ہم نے توضیحی اور ضمنی عنوانات کا اضافہ بھی کرایا ہے تاکہ اس کی افادی حیثیت مسلم ہو جائے۔ ہمیں توقع ہے کہ تعلیم غوثیہ کی اشاعت سے اردو زبان میں تصوف کی کتابوں میں قابل قدر اضافہ ہوگا اور یہ اہم کتاب طالبان حق کے لئے رشد و ہدایت کی شمع ثابت ہوگی۔

صفحات ۵۲۸ بڑی سائز مجلد قیمت سولہ روپے

Marfat.com

ہماری نئی کتابیں

حیات سید احمد شہیدؒ

مصنفہ:- مولوی محمد جعفر تھانیسری

صفحات ۴۰۰ مجلد قیمت بارہ روپے

مکتوبات سید احمد شہیدؒ

و

کالا پانی

مصنفہ:- مولوی محمد جعفر تھانیسری

صفحات ۴۰۰ مجلد قیمت بارہ روپے

تحریک جہاد کی خونی داستان اس مجاہد کے قلم سے جو بیس سال تک جزیرہ انڈیمان میں مصائب و آلام کا شکار رہا۔

الاسلام حصہ اول

مصنفہ:- علامہ ابوالفضل احسان اللہ عباسی

صفحات ۳۰۴ مجلد قیمت دس روپے

الاسلام حصہ دوم

مصنفہ:- علامہ ابوالفضل احسان اللہ عباسی

صفحات ۳۰۴ مجلد قیمت دس روپے

اس میں ہر پہلو سے اسلام کا نعمت خدا ہونا ثابت کیا گیا ہے اس میں آپ ان تمام سوالات کے تسلی بخش جوابات پائیں گے جو آج کے جدید تعلیم یافتہ دماغوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ نوجوان طبقہ کے لئے یہ کتاب رہنمائی کا موجب ہے۔

عبرت کدۂ سندھ

ترجمہ:- سید محمد ضامن کنتوری۔

یہ کتاب انگریز پولیٹیکل ایجنٹ ای، بی ایسٹ وک کا وہ سفرنامہ ہے جو انھوں نے ۱۸۳۹ء میں زوال سندھ کے چشم دید حالات لکھے ہیں، یہ کتاب انگریزی سیاست کی فریب کاری کا مجموعہ ہے۔

صفحات ۴۰۰ مجلد قیمت بارہ روپے

سفرنامہ محمد ابن جبیر اندلسی المتوفی ۶۱۴ھ

یہ سفرنامہ چھٹی صدی ہجری کے زمانہ کی ایک اہم دستاویز ہے اس میں اندلس، مصر، صقلیہ، شام، عراق، لبنان اور حجاز مقدس کے دلچسپ حالات کی بے نظیر دستاویز ہے۔

ترجمہ احمد علی شوق۔ قیمت دس روپے

سیر المتاخرین ترجمہ: غلام حسین طباطبائی

(زوالِ سلطنت مغلیہ)

شہنشاہ ہند اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد پیش آنے والے واقعات کا عبرت ناک مرقع جو ۱۱۹۵ھ تا ۱۱۱۸ھ یا ۱۷۷۵ء تا ۱۶۹۸ء پر محیط ہے یہ کتاب شاہان مغلیہ کے تاریخی ماخذوں میں اہم ترین ماخذ ہے جسکا مطالعہ تاریخ ہند سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے ناگزیر ہے۔ صفحات ۴۰۰ مجلد قیمت بارہ روپے

Marfat.com

Marfat.com

تاریخ ابنِ خلدون

مکمل نو حصوں میں — اردو ترجمہ: علامہ حکیم احمد حسین الٰہ آبادی

قبل از اسلام حصہ اول	۵۰ — ۱۰
قبل از اسلام حصہ دوم	۵۰ — ۱۰
حصہ اول: رسولؐ اور خلفاءِ رسولؐ	۰ — ۱۵
حصہ دوم: خلافتِ معاویہؓ و آلِ مروان	۰۰ — ۱۵
حصہ سوم: خلافتِ بنو عباسؓ حصہ اول	۰ — ۱۱
حصہ چہارم: خلافتِ بنو عباسؓ حصہ دوم	۰۰ — ۱۱
حصہ پنجم: امیرانِ اندلس اور خلفاءِ مصر	۰ — ۱۵
حصہ ششم: غزنوی و غوری سلاطین	۰۰ — ۱۵
حصہ ہفتم: سلجوقی و خوارزم شاہی سلاطین	۰ — ۱۲

الگ الگ حصے بھی مل سکتے ہیں

نفیس اکیڈمی۔ بلاسس اسٹریٹ۔ کراچی!

نئے آفس کا پتہ

نفیس اکیڈمی

اسٹریچن روڈ ـ بالمقابل ایس ـ ایم ـ آرٹس کالج کراچی نمبر ۱

فون نمبر: 513303

Marfat.com

تاریخ ابنِ خلدون

مکمل نو حصوں میں — اردو ترجمہ: علامہ حکیم احمد حسین الٰہ آبادی

قبل از اسلام حصہ اول ۵۰ — ۱۰

قبل از اسلام حصہ دوم ۵۰ — ۱۰

حصہ اول: رسولؐ اور خلفاءِ رسولؐ ۰ — ۱۵

حصہ دوم: خلافتِ معاویہؓ و آلِ مروان ۰۰ — ۱۵

حصہ سوم: خلافتِ بنو عباسؓ حصہ اول ۰ — ۱۱

حصہ چہارم: خلافتِ بنو عباسؓ حصہ دوم ۰۰ — ۱۱

حصہ پنجم: امیرانِ اندلس اور خلفاءِ مصر ۰ — ۱۵

حصہ ششم: غزنوی و غوری سلاطین ۰۰ — ۱۵

حصہ ہفتم: سلجوقی و خوارزم شاہی سلاطین ۰ — ۱۲

الگ الگ حصے بھی مل سکتے ہیں

نفیس اکیڈمی ۔ بلاسس اسٹریٹ ۔ کراچی!

نئے آفس کا پتہ

نفیس اکیڈمی

اسٹریچن روڈ ـ بالمقابل ایس ـ ایم ـ آرٹس کالج کراچی نمبر ۱

فون نمبر: 513303

Marfat.com